
© rasailojaraid.com






**شرح مقدمہ الصحیح للمسلم** | از مفتی نظام الدین شامزئی۔ پتہ۔ شعبہ تصنیف وتالیف جامعہ فاروقیہ کراچی

جامع فاروقیہ کراچی، مولانا سلیم اللہ خان صاحب کے اہتمام میں بہت جلد ترقی کر کے معیاری جامعات اور بڑے دینی مدارس میں شمار ہونے لگا ہے۔ اور اب شعبہ تصنیف وتالیف کا اجراء ایک خوش آئند اور مبارک اقدام ہے ٹھوس تحقیقی اور علمی کتابیں اس شعبہ کا اشاعتی نقشِ اول ہیں ظہور مہدی سے متعلق مفتی نظام الدین صاحب کا تفصیلی مقالہ علمی حلقوں سے زبردست خراجِ تحسین وصول کر چکا ہے۔

زیرِ تبصرہ کتاب بھی ان ہی کی محنت اور رشحاتِ قلم کا نتیجہ ہے جو صحیح مسلم کے مقدمہ کی اردو شرح ہے جس میں اصطلاحاتِ حدیث کو بیان کرنے میں عام فہم سادہ اور سلیس زبان استعمال کی گئی ہے۔ اصولِ حدیث کے بنیادی مباحث مقدمہ صحیح مسلم کے رجال متکلم فیہ پر تفصیلی بحث مسئلہ معنعن کی جامع اور حسین تعبیر، پیچیدہ عبارتوں کی بامحاورہ اور معنی خیز وضاحت کے علاوہ ہر بحث سے متعلقہ حوالہ جات کا اہتمام کیا گیا ہے جو طلبہ دورۂ حدیث، اساتذہ حدیث اور علم حدیث سے تعلق رکھنے والے عام طبقہ کے لئے یکساں طور مفید ہے۔ (ع ق ح)

**پاکستان سٹیٹ آئل ریویو** | خصوصی سیرت نمبر — نگران جناب سعید ابراہیم صاحب ایم ڈی پی ایس او صفحات ۲۴۲۔ پتہ پاکستان سٹیٹ آئل کمپنی داؤد سنٹر کراچی۔

اشاعت اور لٹریچر کے اس دور میں ناول، افسانے، کہانیاں، ماہنامے، ہفت روزے، روزنامے عمدہ طباعت اور حسین ادبی زبان میں خرافات، فحش ہزلیات، جنسی انارکی اور تخریب اخلاق کے علمبردار بن چکے ہیں۔ ایسے حالات میں اسلامی شعور اور دینی درد رکھنے والے اہلِ قلم، اہلِ استطاعت افراد اور اداروں کی ذمہ داری پہلے سے کئی گنا بڑھ گئی ہے۔ پاکستان سٹیٹ آئل ریویو اپنے مینجنگ ڈائرکٹر کے خصوصی شغف اور توجہ کی بنا پر خصوصی سیرت نمبر اعلیٰ کاغذ اور عمدہ طباعت کے ساتھ شائع کر کے اپنی ذمہ داری کو احسن وجوہ سے نبھا رہا ہے۔ مغربیت اور لادینی نظریات کے سیلاب کا توڑ اسوہ رسول اکرمؐ اور تعلیمات نبوی کی اشاعت ہے۔

© rasailojaraid.com